CPL 61

روزنامہ

# الفضل

PH: 0092 4524 213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ 7- جولائی 2000ء - 4 ربیع الثانی 1421 ہجری - 7- وفا 1379 ہش جلد 50-85 نمبر 152

## محنت کی عظمت

حضرت حبہؓ اور حضرت سواءؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ہم نے دیکھا کہ حضورؐ اپنے دستِ مبارک سے مکان کی مرمت کر رہے ہیں۔ ہم بھی حضورؐ کے ساتھ کام میں شریک ہو گئے۔ جب کام ختم ہو گیا تو حضورؐ نے ہمارے لئے دعا کی۔

(مسند احمد جلد 3 صفحہ 469)

جلسہ سالانہ بیلجیئم سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کا اختتامی خطاب 4 جون 2000ء

# اتنی محنت کریں کہ دنیا محنت کا طریق ہم سے سیکھے

**حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے**

## شدید محنت کرنے کے بارے میں حضور ایدہ اللہ کا ذاتی حیران کن نمونہ

(اس خطاب کا خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

بیلجیئم۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ بیلجیئم کے جلسہ سالانہ کے آخری روز 4 جون 2000ء کو جو خطاب فرمایا اس کی ریکارڈنگ ایم ٹی اے نے مورخہ 29 جون 2000ء کو ٹیلی کاسٹ کی۔ حضور ایدہ اللہ نے سوال کرنے سے بچنے اور محنت و سعی کی عظمت کے بارے میں نصائح فرمائیں۔

## اوپر والا ہاتھ

حضور ایدہ اللہ نے حضرت نبی کریم ﷺ کی احادیث بیان فرمائیں۔ حدیث میں ہے کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ حضور ایدہ اللہ نے فرمایا یہ بہت عظیم الشان کلمہ ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ ایک صحابی حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا مجھے کچھ عطا فرمائیں۔ آنحضورؐ نے عطا فرمایا۔ انہوں نے پھر عرض کی کہ مجھے کچھ عطا فرمائیں آنحضور ﷺ نے پھر عطا فرمایا۔ اور فرمایا یقیناً یہ مال بہت میٹھا ہے لیکن برکت بے نیازی میں ہے۔ مانگنے والا کھاتا جاتا ہے مگر اس کی بھوک ختم نہیں ہوتی۔ حضور ایدہ اللہ نے فرمایا جہنم کے بارے میں بھی یہی آتا ہے کہ جہنم بھر دی جائے گی اور پھر بھی کہے گی اور بھی کچھ ہے؟ لالچی کا پیٹ نہیں بھرتا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اگر ساری دنیا بھی اسے دے دی جائے تو کہے گا اور بھی دے۔ حضرت حکیم بن حزام نے آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد کے بعد کبھی کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلایا حتیٰ کہ آنحضرتؐ کے وصال کے بعد حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اور پھر حضرت عمرؓ نے ان کو ان اموال میں سے دیا جو مسلمانوں کو دیئے جاتے تھے مگر انہوں نے انکار کیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں حکیم بن حزام کے بارے میں لوگوں کو گواہ ٹھہراتا ہوں کہ ان کو ان کا حق پیش کیا گیا مگر انہوں نے نہیں لیا۔ حضور ایدہ اللہ نے فرمایا باقی صحابہ کو جب دیا جاتا تھا تو وہ لے لیتے تھے مگر چونکہ حضرت حکیم بن حزام کو آنحضرت ﷺ نے کہہ دیا تھا لہٰذا انہوں نے مرتے دم تک کچھ قبول نہ کیا۔

## کمانا بہتر ہے

ایک صحابی کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے کچھ طلب کیا آنحضرتؐ نے فرمایا تمہارے پاس کچھ ہے؟ انہوں نے کہا کہ دو چادریں ہیں۔ آپؐ نے فرمایا لے آؤ۔ وہ لے آئے تو آپؐ نے ان دونوں چادروں کو نیلام کیا ایک صحابی نے وہ چادریں دو درہم میں خرید لیں۔ آپ نے فرمایا ایک درہم سے اپنے لئے کھانا لے لو اور دوسرے درہم سے کلہاڑی خرید لو۔ وہ کلہاڑی خرید لائے تو آنحضرت ﷺ نے خود اس میں لکڑی کا دستہ ڈالا اور فرمایا جاؤ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لاؤ اور ان کو فروخت کرو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا حتیٰ کہ ان کے پاس دس درہم اکٹھے ہو گئے۔ جس سے انہوں نے کچھ کپڑے لئے اور کھانے پینے کا سامان لیا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تیرے لئے خود کما کر کھانا اس سے اچھا ہے کہ تو قیامت کے دن اس طرح سامنے آئے کہ مانگنے کی وجہ سے تیرا چہرہ خراش زدہ ہو۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا میں تین باتوں کے لئے قسم کھا سکتا ہوں۔ اول یہ کہ صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا دوسرے یہ کہ جو ظلم پر صبر کرے اللہ اس کا رزق بڑھا دیتا ہے۔ اور تیسرے یہ کہ جب کوئی سوال کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ اس کے لئے غربت کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

حضور ایدہ اللہ نے ایک اور حدیث بیان فرمائی جس میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے جو شخص اپنے رشتہ داروں سے حسن سلوک کرتا ہے اور خدا کی راہ میں مال خرچ کرتا ہے وہ سب سے اعلیٰ درجہ پر ہے۔

## جدوجہد اور محنت

حضور ایدہ اللہ نے سعی و جدوجہد اور محنت کے بارے میں حضرت مسیح موعود کے ارشادات بیان فرمائے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا اگرچہ جو کچھ ہوتا ہے وہ خدا کے فضل سے ہوتا ہے مگر کوشش کرنا فرض ہے۔ نتیجہ اللہ کے فضل سے ہی ملتا ہے۔ انسان جتنی کوشش کرے گا اللہ اس کا اتنا ہی بدلہ عطا کرے گا۔ مجاہدہ ضروری ہے اس سے انسان مصائب و مشکلات کے ثمرات سے فائدہ اٹھاتا ہے۔

حضرت مسیح موعود نے فرمایا کوئی انسان بغیر سعی کے کمال حاصل نہیں کر سکتا۔ یہ خدا کا مقرر کردہ قانون ہے۔ جو شخص بغیر اس کے کچھ حاصل کرنا چاہتا ہے وہ خدا کے قانون کو توڑتا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا جب انسان

(مسلسل صفحہ 2 پر)

## محنت کے نظارے

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ بازار گیا آپ نے شلوار کے لئے کپڑا خریدا۔ اور رقم کچھ زیادہ ادا فرمائی اس کے بعد آپ نے کپڑا خود اٹھا لیا۔ میں اسے اٹھانے کے لئے آگے بڑھا تو آپ نے فرمایا مالک اپنی چیز اٹھانے کا زیادہ حقدار ہے۔

(شفا عیاض باب تواضعہ)

حضرت عامر بن ربیعہ بن کعبؓ بیان کرتے ہیں کہ میں طواف کعبہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ تھا کہ حضور کی جوتی کا تسمہ ٹوٹ گیا میں نے کہا یا رسول اللہ یہ مجھے دیجئے میں اس کی مرمت کر دوں مگر حضور نے انکار کر دیا۔ اور فرمایا یہ کیفیت مجھے پسند نہیں۔

(شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیہ جلد 4 ص 265 دار المعرفۃ بیروت)

## ربوہ میں بجلی کی بار بار بندش

ربوہ میں بجلی کی رو کا سلسلہ بار بار معطل ہونا گویا اب ایک معمول کی شکل اختیار کر گیا ہے۔ شدید گرمی اور حبس کے ان ایام میں بجلی کا بار بار بند ہونا نہایت ہی تکلیف دہ ہے۔ کل صبح 8 سے 12 بجے تک بجلی بند رہی پھر شام کو عصر کے بعد دوبارہ بجلی بند ہو گئی۔ گزشتہ ہفتہ عشرہ سے یہ اذیت ناک سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ اہل ربوہ نے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ بجلی کے اعلیٰ حکام اس صورت حال کا فوری نوٹس لیں۔

## کامیابی

○ مکرم محمد زکریا ورک صاحب کینیڈا کے بیٹے عزیز مکرم عدنان شہزاد ورک عمر 21 سال نے ٹورنٹو کی رائیرسن یونیورسٹی سے ٹیلی ویژن جرنلزم میں بی اے کا امتحان پاس کیا ہے عزیز مکرم الحاج محمد ابراہیم صاحب خلیل (سابق مربی سیرالیون) کا پوتا اور مکرم کیپٹن محمد حسین صاحب چیمہ (سابق افسر حفاظت حضرت مصلح موعود) کا نواسہ ہے احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ کریم یہ کامیابی مزید ترقیات کا پیش خیمہ بنائے آمین۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

# حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی
# لجنہ سے ملاقات

منعقدہ 16 جنوری 2000ء
لجنہ اماء اللہ پاکستان کے تعاون سے مرتب کی گئی

**سوال:۔ سورج گرہن اور چاند گرہن جو ہو رہے ہیں کیا وہ اللہ کی طرف سے کوئی نشان ہیں؟**

**جواب:۔** ہر سورج گرہن نشان نہیں ہوا کرتا۔ جس سورج گرہن کے متعلق پہلے پیشگوئی ہو اور پھر لگے وہ گرہن نشان ہوا کرتا ہے۔ رمضان المبارک میں سورج گرہن لگا تھا۔ چاند گرہن لگا تھا۔ اس کے متعلق رسول کریم ﷺ کی پیشگوئی تھی کہ اس کی دفعہ چاند اور سورج یہ گواہی دیں گے۔ تاریخیں مقرر تھیں مہینے کا نام تھا۔ یہ تو پیش گوئی تھی ورنہ تو سورج گرہن لگتے رہتے ہیں۔ دنیا میں اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔

**سوال:۔ آپ سے ساری دنیا کے احمدی اور غیر احمدی سوال کرتے ہیں۔ میرا سوال یہ ہے کہ کس موضوع کے سوال کا جواب دے کر آپ زیادہ خوشی محسوس کرتے ہیں؟**

**جواب:۔** ہر موضوع پر جو بھی جواب اللہ میاں سمجھا دے اچھا لگتا ہے۔ سوالات ہر قسم کے آتے رہتے ہیں۔ مجھے تو پتہ بھی نہیں چلتا کہ کیا سوال ہوں گے۔ لیکن اس وقت اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے شرح صدر عطا کر دیتا ہے کسی جواب کے لئے اس لئے میں دعا کرتا رہتا ہوں۔ کہ اے اللہ میرا سینہ کھول دے اور میرا بات کرنا آسان کر دے۔ تو اللہ تعالیٰ قبول کر لیتا ہے۔

**سوال:۔ چاکلیٹ کھانے کے کیا کیا نقصانات ہیں؟**

**جواب:۔** جو چاکلیٹ میں دوں گا بھی تمہیں اس کا کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ تمہیں کیسے پتہ لگا کہ میں نے چاکلیٹ تمہارے لئے رکھا ہوا ہے۔ دیکھو کیسے اس کو پتہ لگا ہے۔ میں نے تمہارے لئے چاکلیٹ بنا کر رکھا ہوا ہے۔ عید کے بعد ہماری پہلی پارٹی عید ملن پارٹی ہے تو میں نے ان کو کہا تھا کہ وہ چاکلیٹ کی تھیلیاں بنا لیں۔ میں چیک کر کے آیا ہوں اچھی لگ رہی ہیں۔ فکر نہ کرو۔ اس چاکلیٹ کا تو کوئی نقصان نہیں ہوتا مگر جو ہر وقت کھاتے رہتے ہیں نا ان کے دانت خراب ہو جاتے ہیں۔ اور ویسے بھی بہت کھانے سے پیٹ بھی موٹا ہو جاتا ہے۔

**سوال:۔ میری دونوں بہنیں وقف نو کی مجاہدہ ہیں کیا میں بھی وقف نو کی مجاہدہ بن سکتی ہوں؟**

**جواب:۔** اب نہیں بن سکتیں۔ لیکن بڑی ہو جائیں گی تو پھر اللہ توفیق دے تو خود وقف کر دیں۔

**سوال:۔ عیدالفطر کو چھوٹی عید اور عیدالاضحی کو بڑی عید کیوں کہتے ہیں؟**

**جواب:۔** چھوٹی عید اور بڑی عید تو عام مشہور ہو گئے ہیں نام۔ ورنہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے چھوٹی عید بڑی عید کا فرق کوئی نہیں تھا۔ عیدالاضحی شاید اس لئے بڑی کہلاتی ہو کہ اس عید میں تین دن تک قربانیاں ہوتی رہتی ہیں اور اس کا پھیلاؤ زیادہ ہے تقریبوں وغیرہ کا۔ اس لئے اس کو بڑی عید کہتے ہیں یا حج کی وجہ سے بڑا کام ہے اس کے بعد عید آتی ہے۔

**سوال:۔ مسلمان اپنا کیلنڈر چاند کے مطابق رکھتے ہیں اور عیسائی سورج کے مطابق۔ چاند کے مطابق کیلنڈر رکھنے کا کیا فلسفہ ہے؟**

**جواب:۔** قرآن کریم میں چاند اور سورج دونوں کا ماپنے کے پیمانے کے طور پر ذکر ہے۔ اور قرآن کریم میں دونوں کا ذکر ہے کہ دونوں کو استعمال کرنا چاہئے۔ اس لئے عیسائی اور مسلمان کا فرق نہیں۔ اب آپ نمازیں کس طرح پڑھتی ہیں چاند سے یا سورج سے؟ سورج سے۔ روزہ بھی سورج کے لحاظ سے رکھتی ہیں۔ تو یہ خیال غلط ہے کہ صرف روزے چاند سے شروع ہوتے ہیں۔ ورنہ روزے کی جو تقسیم ہے وہ سورج سے ہوتی ہے پو پھٹی سورج چڑھ گیا کھانا پینا بند ہو گیا۔ پھر سورج غروب ہوا۔ تو سورج اور چاند دونوں کو خدا تعالیٰ نے استعمال فرمایا ہوا ہے۔

**سوال:۔ میرا سوال یہ ہے کہ اگر کوئی قرآن شریف تہجد کے بالکل آخری وقت میں پڑھے تو یہ "قرآن فجر" میں شامل ہو گا؟**

**جواب:۔** ہاں ہاں "قرآن فجر" میں شامل ہو گا۔

**سوال:۔ میں ایک دفعہ قبرستان میں گئی تھی تو وہاں میں نے پکی قبریں دیکھیں تو مجھے خیال آیا کہ دین میں تو کچی قبریں بناتے ہیں اگر ان لوگوں نے غلطی سے پکی قبریں بنا دی ہیں تو کیا وہ اب دوبارہ اوپر سے سیمنٹ اتار کے کچی قبریں بنا سکتے ہیں؟**

**جواب:۔** رسول اللہ کی قبر کچی تھی دیگر بزرگوں کی قبریں بھی کچی ہیں۔ سب قبریں بہشتی مقبرہ میں کچی ہیں۔ تو یہ جس نے بھی کیا ہے غلط کیا ہے۔ تو ان کے نام بتا دیں ان کو سمجھائیں گے کہ توڑیں اوپر سے خواہ مخواہ کے فضول پتھر لگائے ہوئے ہیں۔

**سوال:۔ قرآن پاک میں جو سورتوں کے نام رکھے ہوئے ہیں وہ سورتوں کے ساتھ ہی نازل ہوئے تھے؟**

**جواب:۔** حضور انور نے فرمایا کہ ہاں سورتوں کے نام ساتھ ہی نازل ہوئے تھے۔ تمام سورتوں کے نام الہامی ہیں۔

**سوال:۔ مجھے کسی نے بتایا ہے کہ جب ہم اپنی شہادت کی انگلی قرآن کریم کے الفاظ پر رکھتے ہیں تو ہمیں زیادہ ثواب ملتا ہے۔ حضور کیا شہادت کی انگلی نہ رکھنے سے ثواب اتنا زیادہ نہیں ملتا؟**

**جواب:۔** نہیں نہیں۔ یونہی وہم ہے کس نے بتایا ہے آپ کو۔ صرف آمین کے وقت دیکھتے ہیں کہ ٹھیک لفظ پڑھ رہا ہے کہ نہیں بچہ۔ اس وقت میں رکھواتا ہوں انگلی ورنہ تو ضروری نہیں ہے۔

**سوال:۔ میرا سوال یہ ہے کہ جب ہم سکول میں سہیلیوں کو دعوت الی اللہ کرتے ہیں۔ تو پتہ لگتا ہے ان کے ماں باپ احمدیت کے خلاف غلط باتیں بتاتے ہیں۔ ہم اس معاملے میں کیا کر سکتے ہیں؟**

**جواب:۔** کچھ بھی نہیں کر سکتے آپ ٹھیک باتیں بتایا کریں۔ وہ غلط باتیں بتائیں گے۔ یہ تو چلے گا دونوں طرف سے جہاد ہے یہ۔ روحانی جنگ ہے۔ جنگ میں یہ تو نہیں ہوتا کہ ایک طرف سے ماری جاؤ اور دوسری طرف سے کوئی تلوار نہ چلائے۔ دونوں طرف سے چلتی ہے وہ اپنی باتیں کرتے رہیں گے تم اپنی باتیں کرتی رہو۔ اور دعا کرو کہ اللہ تمہیں فتح دے اس کے اوپر۔ پیار و محبت سے دعوت الی اللہ کرو گی تو کامیاب ہو سکتی ہو۔ میں نے کئی بچے دیکھے ہیں چھوٹے چھوٹے بچوں نے دعوت الی اللہ کر کے احمدی بنا لئے ہیں۔

**سوال:۔ بعض لوگ شب براءت بڑے زور و شور سے مناتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس رات اللہ میاں رزق تقسیم کرتے ہیں اس کی کیا حقیقت ہے؟**

**جواب:۔** غلط ہے۔ رزق تو روزانہ تقسیم ہو رہا ہوتا ہے۔ وہم ہیں لوگوں کے اللہ تعالیٰ ہر وقت رزق دیتا ہے۔ آسمان کا رازق ہے۔ سمندر کی تہہ میں کوئی کیڑا نہیں جس کو خدا رزق نہ دے رہا ہو۔ اس کا رزق تو بے انتہا ہے کیا وہ صرف شب براءت پر دیتا ہے۔ باقی راتیں بھوکے مر جاتے ہیں سب باقی دنوں میں؟ غلط باتیں پھیلائی ہوئی ہیں لوگوں نے۔

**سوال:۔ اللہ میاں نے شیطان کو ہمیں گمراہ کرنے کے لئے کتنی طاقت دی ہوئی ہے؟**

**جواب:۔** اللہ میاں نے تمہیں زیادہ طاقت دی ہوئی ہے اس کو مغلوب کرنے کے لئے۔ صرف یہ یاد رکھو اور وہ طاقت ملتی ہے لاحول پڑھنے سے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھا کرو اللہ سے مانگو تو شیطان پر غالب آ جاؤ گی۔ اس نے شیطان پر غلبے کے لئے انسان کو اپنی طرف رجوع کرنے کی ہدایت فرمائی ہوئی ہے۔ بعض لوگ اس بات کو بھول جاتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود نے بھی لکھا ہے کہ جب کسی کے گھر جاؤ اور کتا پیچھے پڑ جائے تو کیا کرتے ہو۔ مالک کو آواز دیتے ہو۔ ورنہ کتا تمہارے قابو نہیں آئے گا۔ تو اللہ کو آواز دو۔ تو وہ شیطان بھی وہاں کا کتا ہی ہے۔ اللہ دھتکارے گا تو ہٹے گا ورنہ پیچھا نہیں چھوڑے گا۔ یہ تو جنگ ہے چلتی رہتی ہے ایک

انسان کو پورا غلبہ تو نہیں ملا کرتا۔ سوائے رسول اللہ ﷺ کے ورنہ ہم تو کوشش کرتے رہتے ہیں۔

**سوال:۔ اگر ہم سجدہ میں حضرت نبی کریم ﷺ کے لئے دعائیں کرنا چاہیں تو کیا ہم سجدہ میں درود شریف پڑھ سکتے ہیں؟**

جواب:۔ سجدے میں تو درود شریف نہیں پڑھنا چاہئے۔ اٹھ کے جو رسول کریم ﷺ نے درود مقرر فرمایا ہوا ہے۔ وہی پڑھا کرو۔

**سوال:۔ نفلی روزے رکھنے کے لئے تراویح پڑھنی چاہئے یا نہیں؟**

جواب:۔ تراویح تو تہجد کا بدل بنا ہوا ہے۔ اور باجماعت نفلی روزے تو نہیں رکھا کرتے۔ تراویح تو باجماعت ہوتی ہے۔ اس لئے اس کا تو سوال ہی نہیں۔ نفل پڑھو۔ نفلی روزے رکھو تو رات کو تہجد کے وقت نوافل پڑھو۔

**سوال:۔ نماز کے بعد تسبیح کرتے ہیں سبحان اللہ تینتیس دفعہ الحمدللہ تینتیس دفعہ اور اللہ اکبر چونتیس دفعہ پڑھتے ہیں میرا سوال یہ ہے کہ حضور کیا یہ نمبر اوپر نیچے بھی ہوسکتے ہیں۔ یا نہیں؟**

جواب:۔ یہ تو آنحضرت ﷺ نے بعض غرباء کو نسخہ بتایا تھا۔ اور جس طرح رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے اس کو بدل نہیں سکتے ہم۔ ہوا یہ تھا آنحضرت ﷺ نے امراء کو جو قربانیاں دیتے تھے۔ ان کو خوشخبری دی۔ تو غرباء نے کہا ہم کیا کریں۔ ہماری بھی خواہش ہے تو آنحضرت ﷺ نے ان کو یہ نسخہ بتادیا۔ تم یہ کام کیا کرو تو پھر برابر ہو جاؤ گے ان کے اس لحاظ سے وہ تم سے پہلے جنت میں نہیں جائیں گے تم بھی ان کے ساتھ پہنچو گے۔ تو یہ ایک تحریص کا ذریعہ ہے۔ جنت میں تو سب مومنوں نے اکٹھے ہی جانا ہے۔ مگر رسول اللہ ﷺ تحریص دلاتے تھے۔ شوق دلاتے تھے۔ تو اس طرح باتیں کرکے شوق دلایا کرتے تھے۔

**سوال:۔ میرا سوال یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ کی رزق کی دعا صرف مسیحیوں کے لئے ہی تھی یا (احمدیوں) کو بھی کرنی چاہئے؟**

جواب:۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس کی طرف سے جو مائدہ اترے گا اس کا ایک تو ظاہری مائدہ پہلوں کو بھی پہنچے گا اور دوسروں کو بھی پہنچے گا۔ لیکن اس کے ساتھ ایک وارننگ بھی ہے اگر تم نے ناشکری کی تو سزا ملے گی۔ اب دیکھو انگریز عیسائی قوموں کو کتنی دنیا میں دولت ملی ہوئی ہے بے شمار غلبہ ہے۔ رزق سارا ان کے قبضہ میں چلا گیا ہے۔ تو یہ حضرت مسیح کی دعا کا نتیجہ ہے۔ ان لوگوں کو پتہ نہیں کہ کیوں ہم پر اتنے فضل ہو رہے ہیں۔ فضل بھی ہیں اور غضب بھی ہے۔ کیونکہ اس کے ساتھ جڑا ہوا ہے کہ اگر تم نے شکر کا حق ادا نہ کیا تو پھر ایسی سزا دوں گا کہ کبھی کسی کو نہ ملی ہو۔ تو یہ دعا جو ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے بچائے۔ اور ہمیں شکر گزار بندے بنائے۔ اور ہم پر آخر میں جو رزق اترتا ہے ہمیں اس کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہ (احمدیوں) کو بھی کرنی چاہئے۔ اب عذاب جو ہیں وہ دیکھو Atomic bomb کے عذاب جو ہیں کبھی کسی قوم پر نہیں آئے ایسے خوفناک عذاب جن کی تیاری ہے قرآن کریم میں اس کا ذکر ملتا ہے وہ صرف ان لوگوں کو اپنی ناشکری کی وجہ سے ملیں گے۔

**سوال:۔ آپ نے سب سے پہلے کون سی نظم کہی تھی اگر یاد ہو تو اس کا کوئی شعر سنا دیں؟**

جواب:۔ عجیب اتفاق ہے کہ آجکل میں یہی کام کر رہا ہوں کہ اپنی پرانی نظمیں نکال کے تو ان کو ٹھیک کر رہا ہوں۔ کچھ تو آج لکھنے کے لئے ٹھیک کر کے دے دی ہیں۔ اس کا عنوان بھی عجیب سا ہے "بدلا ہوا محبوب" اس کا آخری شعر یہ ہے۔

جا کہ اب قرب سے تیرے مجھے دکھ ہوتا ہے
اے شب غم کے سویرے مجھے دکھ ہوتا ہے

تو کس حال میں آیا۔ کتنا انتظار کروایا۔ دیکھا بھالا صبح و شام یاد کیا اور اب آیا بھی ہے تو یہ حال کہ غیر کے بھیس میں لپٹا ہوا۔ کیا خوب آیا ہے۔

نظر اس کی ہے سب انداز نظر غیر کے ہیں

اس قسم کے شعر ہیں سارے زبانی یاد نہیں تو اتفاق سے آج ہی میں نے یہ نظم دہرائی ہے دوبارہ جب چھپے گا نا میرا کلام اس میں جو پرانی نظمیں تھیں وہ بھی شامل ہو جائیں گی۔ تو یہ اس زمانے کی نظم ہے۔ اور پرانی نظموں میں سے اور بھی ہیں بعض مزے مزے کی۔

یہ میری آنکھیں شعلے ہیں یا جلتے ہیں پروانے دو
یہ اشک ندامت پھوٹ پڑے یا پھوٹ گئے پیمانے دو

پہلے تو میری موجودگی میں تم اکتائے سے رہتے تھے۔ اب میرے بعد "تمہارا دل گھبراتا ہے گھبرانے دو" یہ بھی پرانی نظموں میں سے ہے بہت پرانی نظم ہے مجھے اتنا یاد ہے کہ غالباً ابھی کالج میں گیا تھا اس وقت میں نے کہی تھی۔ اور اس وقت جو بیٹھے ہوئے تھے سارے۔ میری نظر اٹھی تو سارے رو رہے تھے بیچارے۔ تو بچپن سے ہی شوق تھا۔

**سوال:۔ ڈرگس اور اس طرح کی خراب چیزیں جو جسم کے لئے خطرناک ہیں دین میں منع ہیں۔ پھر سگریٹ نوشی کیوں منع نہیں؟**

جواب:۔ ڈرگس اور سگریٹ نوشی میں ایک فرق ہے سگریٹ نوشی اس لئے منع نہیں ہے کہ سگریٹ کوئی جتنے مرضی پی لے۔ اس کا نقصان تو ہے۔ مگر اس کا نشہ نہیں چڑھتا۔ اس کا دماغ نہیں گھومتا۔ وہ پاگلوں والی باتیں نہیں کرتا۔ شراب اور ڈرگس وغیرہ میں دماغ گھوم جاتا ہے۔ بعض لوگ سمجھتے ہیں ہم آسمان پر چڑھ گئے ہیں۔ تو عجیب و غریب باتیں پیدا ہوتی ہیں جو خیالی اور فرضی ہیں۔ اور اس سے پھر لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس لئے میں کئی دفعہ اس کا جواب دے چکا ہوں کہ زہر تو منع نہیں ہوا کرتے۔ کسی زہر پر حرام نہیں لکھا ہوا کتنے زہر ہیں دنیا میں بے شمار ہیں اب ہر ایک کی لسٹ قرآن شریف میں نہیں ہے کہ یہ زہر منع ہے۔ انسان کو عقل بھی تو کرنی چاہئے۔ حضرت مسیح موعود کو پسند نہیں تھا تو آپ اکثر لوگوں کو سمجھایا کرتے تھے اشارے سے۔ مگر جن کو عادت ہو ان کو حقہ وغیرہ دلوا بھی دیا کرتے تھے۔ کسی نے سوچا بات کی اور پوچھا حضور آپ کو ناپسند ہے آپ کہتے کیوں نہیں سب چھوڑ دیں گے۔ ایک دفعہ آپ حکم دے دیں۔ آپ نے فرمایا جس کا حکم رسول اللہ ﷺ نے نہیں دیا میں کیسے دے سکتا ہوں۔ تو اصولی طور حلال اور حرام قرآن میں ہے یا حدیثوں میں ہے اور دوسروں کو نیا دین بنانے کا کوئی حق نہیں ہے۔

**سوال:۔ میرا سوال وقف اور جماعت کی خدمت کے متعلق ہے۔ ہماری جماعت میں کثرت سے آدمی بھی اور عورتیں بھی وقف کرتے ہیں۔ کچھ لوگ تعلیم حاصل کر کے ڈاکٹر یا ٹیچر بن کے وقف کرتے ہیں۔ میرا سوال یہ ہے کہ کنواری لڑکیوں کے وقف کرنے کے بارے میں آپ کے کیا خیالات ہیں؟**

جواب:۔ کنواری لڑکیاں وقف کریں شوق سے کریں مگر دعا کیا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو خاوند ایسا دے جو واقف زندگی ہو یا اس میں وقف کی روح ہو جو پھر مل کے خدمت کر سکیں۔ ورنہ کنواری لڑکیاں وقف کریں تو الگ تو نہیں بھیج سکتے ان کو۔ ان کے لئے مناسب نہیں کہ ہم ان کو الگ فیلڈ میں بھیجیں۔ تو اس لئے یہ دعا کرنی چاہئے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ جوڑا ایسا بنائے جو وقف کی روح رکھتا ہو یا واقف زندگی ہو۔

**سوال:۔ لیڈی ڈاکٹر وقف کے علاوہ اور کیسے جماعت کی خدمت کر سکتی ہیں؟**

جواب:۔ M.T.A پہ ہر جگہ بے شمار عورتیں خدمت کر رہی ہیں۔ یہ دیکھو بیٹھی ہوئی ہیں پیچھے۔ یہ اور اس کے میاں دونوں ہی وقف ہیں ایک قسم کے۔ تو خدمت کے تو بہت مواقع ہیں لجنہ کے کام ہیں۔ احمدی عورتیں تو دنیا میں خدمت میں سب سے آگے ہیں۔ کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جہاں احمدی عورت خدمت نہ کر رہی ہو۔

**سوال:۔ لوگ اپنی بری عادات چھوڑنے کے لئے مثلاً جوا کھیلنا شراب نوشی یا سگریٹ نوشی یا اپنے وزن کم کرنے کے لئے Hypnotherapy استعمال کرتے ہیں۔ اکثر کامیاب ہوتے ہیں حضور کا اس بارے میں کیا خیال ہے؟**

جواب:۔ یہ خیال ہے آپ کا۔ کوئی نہیں کامیاب ہوتے۔ Hypnotherapy سے نقصان پہنچتا ہے۔ Hypnotism جس پر کر دیا جائے اس کا دماغ تابع ہو جاتا ہے Hypnotist کے اور یہ اچھی چیز نہیں اور دنیا میں Hypnotism کے نام پر بہت جرائم پھیلے ہوئے ہیں۔ وہ عورتوں کو ایک دفعہ Hypnotism کر کے پھر اپنے قابو کر لیتے ہیں آوارہ بدمعاش ڈاکٹر۔ تو میں تو اس کے بڑا خلاف ہوں۔

Hypnotism کرنے کی بجائے دعا کر کے اپنا علاج کریں۔ اللہ سے مدد مانگیں۔ ڈرگس کا تو ہے بعض ڈرگس ہوتی ہیں۔ ان کو استعمال کیا جا سکتا ہے میں نے بہت لوگوں کے علاج کئے ہوئے ہیں ہومیوپیتھک میں بھی مگر ان کو کبھی بھی میں نے Hypnotism کی تعلیم نہیں دی۔ نفسیاتی طور پر ان سے بات کرو۔ نفسیاتی علاج ان کا کرو۔ ان کو سمجھاؤ بہت فرق پڑ جاتا ہے اس سے۔

**سوال:۔ جو ریسرچ Scientist ہوتے ہیں۔ جب وہ کسی چیز پر ریسرچ کر رہے ہوتے ہیں تو کیا خدا کی مرضی بھی ہوتی ہے کہ ایک علم حاصل کر سکیں کسی چیز کے متعلق؟**

# اطلاعات و اعلانات

## ایک علمی نشست

○ فضل عمر ہسپتال ربوہ کے سیمینار ہال میں مورخہ 27۔ مئی 2000ء بروز ہفتہ بعد نماز مغرب ایک علمی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ اس مجلس کے روح رواں ماہر امراض قلب محترم بریگیڈیئر ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب تھے جنہیں خصوصی طور پر یہاں مدعو کیا گیا تھا۔

تقریب کا آغاز تلاوت قران کریم سے ہوا جو مکرم ڈاکٹر سید مشہود احمد صاحب نے کی۔ جس کے بعد مکرم کرنل (ریٹائرڈ) ڈاکٹر محمد عبدالخالق صاحب ایڈ منسٹریٹر فضل عمر ہسپتال نے تقریب کا مختصر تعارف کروایا۔ مکرم ڈاکٹر نوری صاحب کے لیکچر کا موضوع تھا

"Crucifixion of Jesus Christ A Cardiologist's viewpoint"

یعنی واقعہ صلیب۔ایک ماہر امراض قلب کی نظر میں

اس موضوع پر آپ نے اپنی ایک نہایت دلچسپ اور قیمتی تحقیق پر سلائیڈز اور تصاویر وغیرہ کے ساتھ تفصیل سے روشنی ڈالی۔ اس یادگار علمی نشست میں بزرگان سلسلہ 'ناظران وکلاء' ڈاکٹرز اور دیگر علمی شخصیات کثیر تعداد میں موجود تھیں اور ہال کی تمام نشستیں پُر تھیں۔ حاضرین نے اس لیکچر کو نہایت دلچسپی اور شوق سے سنا جو قریباً پون گھنٹہ جاری رہا۔

اس کے بعد قریباً نصف گھنٹہ تک اس موضوع سے متعلق سوال و جواب کے دلچسپ سلسلہ سے بھی سامعین مستفید ہوئے۔ اس دوران تمام شرکاء کی ٹھنڈے مشروبات سے تواضع کی گئی۔ حضرت مرزا عبدالحق صاحب نے تقریب کے آخر پر اجتماعی دعا کروائی۔

## سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

حضرت خلیفتہ المسیح الثالث کی اس خواہش کو پورا کرنے کی کوشش کی جائے کہ ہر احمدی لڑکا میٹرک اور لڑکی لازماً مڈل تک تعلیم حاصل کرے۔

تعلیمی مسائل حل کرنے کیلئے ہر جماعت میں "تعلیمی کمیٹی" قائم کی جائے اور جملہ تعلیمی مسائل کے حل کیلئے اس کمیٹی کو فعال بنایا جائے۔ لڑکیوں کے تعلیمی مسائل کے سلسلہ میں لجنہ اماء اللہ اور لڑکوں کے تعلیمی مسائل کے سلسلے میں خدام الاحمدیہ سے بھرپور مدد لی جائے۔

وہ طالبات جو کسی مخلوط (Co-Education) تعلیمی ادارہ میں تعلیم حاصل کر رہی ہوں وہ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ سے متعلقہ فارم منگوا کر پر کرکے ارسال کریں تاکہ پردہ میں رہ کر تعلیم حاصل کرنے کی اجازت حضور انور سے لی جا سکے۔

(نظارت تعلیم)

## سیمینار کیرئر پلاننگ برائے طلباء ایف اے' ایف ایس سی

شعبہ امور طلباء خدام الاحمدیہ ربوہ کے تحت مورخہ 12۔ جون 2000ء شام ساڑھے پانچ بجے دفتر مقامی کے ہال میں ایف اے/ایف ایس سی کا امتحان دے کر فارغ ہونے والے طلباء کے لئے کیرئر پلاننگ پر ایک سیمینار منعقد کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم سید طاہر احمد صاحب ناظر تعلیم تھے۔ آپ نے اپنے افتتاحی خطاب میں اس سیمینار کی غرض و غایت بیان کی اور اس سیمینار میں دیئے جانے والے قیمتی مشوروں کی اہمیت بیان فرمائی۔ ان کے علاوہ انجینئرنگ یونیورسٹی کے طالب علم مکرم سلمان احمد صاحب نے اپنے شعبے انجینئرنگ کا تعارف کرایا آخر پر سوال و جواب کی محفل شروع ہوئی۔ مکرم ناظر صاحب تعلیم' مکرم انجینئر مجدالدین صاحب مجد اور مکرم سلمان احمد صاحب نے طلباء کے سوالوں کے جواب دیئے۔ طلباء نے انفارمیشن ٹیکنالوجی' میڈیسن' کیمیکل انجینئرنگ' فارمیسی' بائیو ٹیکنالوجی اور ہوٹل مینجمنٹ کے بارے میں اہم سوالات کئے۔ ماہرین نے اپنے جوابات میں درج ذیل باتوں پر زور دیا۔

○ دعا اور محنت ہر کام میں بہت ضروری ہے۔

○ احمدی طلباء کے لئے ہر شعبہ زندگی اہم ہے۔ جہاں تک ممکن ہوسکے بہتر شعبہ کا انتخاب کرنا چاہئے۔

○ کسی ادارہ میں داخلہ کے لئے اس شعبہ کو Visit کرنا بہت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ اساتذہ' طلباء' لائبریری اور لیبارٹری سے آگاہی بھی ضروری ہے۔

○ اصل شعبہ کمپیوٹر سائنس ہے اور اس کی یہ خصوصیت ہے کہ آج کل ہر شعبہ میں کسی نہ کسی حد تک استعمال ہوتا ہے۔

○ شعبہ ابلاغیات میں آگے بڑھنے کا بہت سکوپ ہے۔ اس میں اب مزید ترقیات ہو رہی ہیں۔

○ ہوٹل مینجمنٹ سب سے زیادہ وسیع شعبہ ہے۔

○ کامیابی کے لئے وسیع مطالعہ' انگریزی زبان سے آگاہی' محنت' لگن' والدین سے مشورہ اور دعا بہت ضروری ہے۔

اس سیمینار میں 55 طلباء نے شرکت کی اور یہ 2 گھنٹے تک جاری رہا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## اعلانات دارالقضاء

○ (مکرم مبارک احمد باجوہ صاحب بابت ترکہ مکرم شہباز خان باجوہ صاحب)

مکرم مبارک احمد باجوہ صاحب ابن مکرم شہباز خان باجوہ صاحب ساکن 25/19 دارالرحمت وسطی ربوہ نے درخواست دی ہے۔ کہ میرے والد بقضائے الٰہی 97-10-29 کو وفات پا چکے ہیں۔ مکان/قطعہ 25/19 دارالرحمت رقبہ 10 مرلہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ میرے بھائی مکرم سعید احمد باجوہ صاحب آف اسلام آباد کے سوا دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:-

1۔ مکرم مبارک احمد باجوہ صاحب (بیٹا)
2۔ مکرم مختار احمد باجوہ صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم مشتاق احمد باجوہ صاحب (بیٹا)
4۔ مکرم سعید احمد باجوہ صاحب (بیٹا)
5۔ محترمہ تسنیم کوثر صاحبہ (بیٹی)
6۔ محترمہ رفعت آرا صاحبہ (بیٹی)
7۔ محترمہ سعدیہ شہباز صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

○ (مکرم مرزا لطیف احمد صاحب بابت ترکہ مکرم مرزا منظور احمد صاحب)

مکرم مرزا لطیف احمد صاحب ابن مکرم مرزا منظور احمد صاحب ساکن برلاس منزل نمبر 26/7 دارالرحمت غربی ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ/مکان نمبر 27/6 رقبہ ایک کنال واقع محلہ دارالرحمت غربی ربوہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل شدہ ہے۔ یہ مکان ان کے سب ورثاء کے نام بہ حصص شرعی منتقل کر دیا جائے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:-

1۔ مکرم مرزا منصور احمد صاحب (بیٹا)
2۔ مکرم مرزا مسعود احمد صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم مرزا داؤد احمد صاحب (بیٹا)
4۔ مکرم مرزا ظفر احمد صاحب (بیٹا) وفات یافتہ
5۔ مکرم مرزا سلیم احمد صاحب (بیٹا)
6۔ مکرم مرزا لطیف احمد صاحب (بیٹا)
7۔ محترمہ صالحہ مبارکہ صاحبہ (بیٹی)

مکرم مرزا ظفر احمد صاحب (وفات یافتہ) کے ورثاء کی تفصیل یہ ہے:-

1۔ محترمہ مریم صدیقہ صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم مرزا حمید احمد صاحب (بیٹا)
3۔ محترمہ جمیلہ مرزا صاحبہ (بیٹی)
4۔ محترمہ منصورہ مرزا صاحبہ (بیٹی)
5۔ مکرم مرزا مقبول احمد صاحب (بیٹا)
6۔ محترمہ محمودہ مرزا صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

○ (محترمہ ریحانہ نثار صاحبہ بابت ترکہ مکرم نثار احمد خان صاحب)

محترمہ ریحانہ نثار صاحبہ بیوہ مکرم نثار احمد خان صاحب (سابق مربی سلسلہ) گلگشت کالونی۔ ملتان نے درخواست دی ہے کہ میرے شوہر بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کی امانت ذاتی نمبر 1/112 امانت تحریک جدید۔ ربوہ میں اس وقت مبلغ۔/727 روپے موجود ہیں۔ یہ رقم مجھے ادا کر دی جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:-

1۔ مکرم عبدالقدیر خان صاحب (والد)
2۔ محترمہ اہلیہ صاحبہ عبدالقدیر خان صاحب (والدہ)
3۔ محترمہ ریحانہ نثار صاحبہ (بیوہ)
4۔ مکرم امتیاز احمد خان صاحب (بیٹا)
5۔ مکرم افتخار احمد خان صاحب (بیٹا)
6۔ مکرم اعجاز احمد خان صاحب (بیٹا)
7۔ محترمہ فرزانہ نثار صاحبہ (بیٹی)
8۔ عزیز حزقیل احمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس ادائیگی پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

○ (محترمہ مسعودہ اکمل صاحبہ بابت ترکہ مکرم عبدالحکیم اکمل صاحب)

محترمہ مسعودہ اکمل صاحبہ بیوہ مکرم مولوی عبدالحکیم اکمل صاحب (سابق مربی سلسلہ) نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند بقضائے الٰہی مورخہ 2000-5-10 کو وفات پا گئے ہیں۔ ان کی امانت ذاتی نمبر 8/100 امانت تحریک جدید میں مبلغ-69489/92 بیلنس موجود ہے۔ یہ رقم ان کے ورثاء میں بحصص شرعی تقسیم کر دی جائے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:-

1۔ محترمہ مسعودہ اکمل صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم شعیب اکمل صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم زبیر اکمل صاحب (بیٹا)
4۔ مکرم داؤد اکمل صاحب (بیٹا)
5۔ محترمہ راشدہ محمودہ اکمل صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس رقم کی ادائیگی پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

○ (محترمہ گلزار بیگم صاحبہ بابت ترکہ مکرم غلام حسین صاحب)

محترمہ گلزار بیگم صاحبہ بیوہ مکرم ٹھیکیدار غلام حسین صاحب ساکنہ مکان نمبر 10/26 دارالرحمت شرقی (ب) ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے شوہر بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ مذکورہ نمبر 10/26 دارالرحمت برقبہ 10 مرلہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ/مکان ان کے دو بیٹوں مکرم عبدالاحد صاحب اور مکرم عبدالواحد صاحب کے نام بحصہ مساوی منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:-

1۔ محترمہ گلزار بیگم صاحبہ (بیوہ)

2۔ مکرمہ ساجدہ رشید صاحبہ (بیٹی)
3۔ مکرم عبدالماجد صاحب (بیٹا)
4۔ مکرم عبدالاحد صاحب (بیٹا)
5۔ محترمہ صادقہ رفیق صاحبہ (بیٹی)
6۔ محترمہ راشدہ اسلم صاحبہ (بیٹی)
7۔ محترمہ ماجدہ خلیل صاحبہ (بیٹی)
8۔ محترمہ فاخرہ ذوالفقار صاحبہ (بیٹی)
9۔ مکرم عبدالواحد صاحب (بیٹا)
10۔ محترمہ نادرہ نصیر صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

○ (محترمہ فرخندہ اختر ملک صاحبہ بابت ترکہ مکرم ملک مشتاق احمد صاحب)

محترمہ فرخندہ اختر ملک صاحبہ (بیوہ مکرم ملک مشتاق احمد صاحب) C/O مکرم مبشر احمد صاحب آف مدینہ ٹاؤن۔ فیصل آباد نے درخواست دی ہے کہ میرے شوہر بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعہ نمبر 41/1 باب الابواب ربوہ برقبہ ایک کنال ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔ محترمہ فرخندہ اختر ملک صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم وسیم احمد ملک صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم نعیم احمد ملک صاحب (بیٹا)
4۔ محترمہ طاہرہ امتہ المتین ملک صاحبہ (بیٹی)
5۔ محترمہ ناصرہ نسرین ملک صاحبہ (بیٹی)
6۔ مکرم فہیم احمد ملک صاحب (بیٹا)
7۔ مکرم سلیم احمد ملک صاحب (بیٹا)
8۔ محترمہ زری تحسین ملک صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء۔ ربوہ)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## سیمینار برائے طلباء ایف ایس سی۔ ایف اے

○ مورخہ 9۔ جولائی بروز اتوار دفتر خدام الاحمدیہ مقامی کے ہال میں ایف ایس سی/ایف اے کا امتحان دے کر فارغ ہونے والے طلباء کے لئے ایک سیمینار ہو رہا ہے۔ جس میں ماہرین مختلف شعبہ ہائے زندگی میں جانے کے لئے طلباء کو مفید معلومات تفصیل سے دیں گے۔ طلباء کے سوالات کے جوابات بھی دیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ اسی حوالے سے ایک نمائش کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ مختلف اداروں کے انٹری ٹیسٹ کے بارے میں معلومات کا انتظام کیا گیا ہے۔

اوقات اجلاس صبح 8 تا 10 بجے
شام ساڑھے پانچ بجے تا نماز مغرب

ناظم امور طلباء
خدام الاحمدیہ مقامی۔ ربوہ

## مکرم چوہدری فضل احمد صاحب کی اہلیہ انتقال کر گئیں

○ مکرم چوہدری فضل احمد صاحب افسر خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی اہلیہ محترمہ مقبول اختر فضل صاحبہ مورخہ یکم جولائی 2000ء کو وفات پا گئیں۔ موصوفہ لمبے عرصہ سے بوجہ کینسر بیمار تھیں۔ ان کی عمر 61 سال تھی۔ مرحومہ کا جنازہ مورخہ 2000-7-2 کو صبح ساڑھے آٹھ بجے احاطہ صدر انجمن احمدیہ میں محترم صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب امیر مقامی و ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ نے پڑھایا۔ جس کے بعد بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔ تدفین مکمل ہونے کے بعد دعا بھی محترم صاحبزادہ صاحب نے کرائی۔ مرحومہ مکرم چوہدری فضل احمد صاحب کے تایا مکرم کیپٹن بدر دین صاحب مرحوم آف لودھی ننگل کی اکلوتی صاحبزادی تھیں۔ مرحومہ نے اپنی یادگار ایک بچی چھوڑی ہے۔

مرحومہ نہایت نیک اور متقی خاتون تھیں۔ لمبا عرصہ محکمہ تعلیم پنجاب میں خدمات انجام دیں اور کئی سکولوں میں بطور ہیڈ مسٹرس کام کیا۔ آخر میں بطور ہیڈ مسٹرس گورنمنٹ گرلز سکول لالیاں سے ریٹائر ہوئیں۔

احباب کرام سے مرحومہ کی مغفرت اور بلندی درجات کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## اعلان داخلہ طالبات گورنمنٹ جامعہ نصرت

○ گورنمنٹ جامعہ نصرت کالج چناب نگر میں سال اول 2000ء کا داخلہ شروع ہے فارم داخلہ 2000ء-7-4 سے کالج سے مل رہے ہیں فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 2000-7-11 ہے۔

داخلہ فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات درکار ہیں۔

1۔ رزلٹ کارڈ یا سند کی فوٹو کاپیاں 2 عدد تصدیق شدہ
2۔ سربراہ کا شناختی کارڈ فوٹو کاپی 1 عدد تصدیق شدہ
3۔ کریکٹر سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی 1 عدد تصدیق شدہ
4۔ ایک عدد تصویر تصدیق شدہ
5۔ کسی اور بورڈ سے آنیوالی طالبات اصل N.O.C دیں گی۔

نوٹ:۔ جن لڑکیوں نے 1998ء میں بی۔ اے کا امتحان پاس کیا ہے ان کی سندات کالج ہذا میں آ گئی ہیں طالبات 14۔ اگست اور 15۔ اگست کو حاصل کر سکتی ہیں۔

پرنسپل گورنمنٹ جامعہ نصرت (برائے خواتین)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

# عالمی خبریں

عالمی ذرائع ابلاغ سے

### کشمیر کا معاملہ بھارتی پارلیمنٹ میں

بھارتی وزیر اعظم واجپائی نے کہا ہے کہ ہم کشمیر کے معاملے پر پارلیمنٹ میں بحث کیلئے تیار ہیں فاروق عبداللہ پر واضح کر دیا تھا کہ کشمیر کو صرف مالی خود مختاری دی جا سکتی ہے۔

### بھارت کا ایٹمی میزائل آکاش کا تجربہ

بھارت نے ایٹمی ہتھیار لے جانے والے آکاش میزائل کا کامیاب تجربہ کر لیا ہے۔ اسکی رینج 25 کلومیٹر ہے اور یہ 55 کلو وزن لے جا سکتا ہے۔ یہ تجربہ اڑیسہ کی ٹیسٹ زون سے دن کے ساڑھے گیارہ بجے کیا گیا۔

### کشمیر سمیت تمام جھگڑے حل کریں

پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے بھارتی صحافیوں نے کہا ہے کہ کارگل کا مسئلہ بھلا کر کشمیر سمیت تمام پرانے جھگڑے طے کئے جائیں۔ بھارتی میڈیا کو کشمیر میں مظالم کی نشاندہی کرنی چاہئے۔ ایک صحافی نے کہا کہ دونوں ممالک ویزا پر شہر لکھنے کی پابندی ختم کریں۔

### نئی دہلی میں پاکستان کے خلاف مظاہرہ

برما کے باشندوں نے نئی دہلی میں برما کی فوجی حکومت کے ایک اہم اہل کار کے دورۂ پاکستان کے خلاف جلوس نکالا اور مطالبہ کیا کہ پاکستان برما کو ہتھیاروں کی فراہمی بند کرے۔

### نادہندگان پاکستان کے حوالے

امریکی قونصل جنرل نے کہا ہے کہ پاکستان کی درخواست پر نادہندگان اسکے حوالے کر سکتے ہیں۔ اس تجویز پر کوئی اعتراض نہیں کہ اسلامی کانفرنس اور اقوام متحدہ کی ٹیم افغانستان میں دہشت گردی کی تربیت گاہوں کی تحقیقات کرے۔ انہوں نے کہا کہ افغان عوام کو اب بھی امریکہ سب سے زیادہ امداد دے رہا ہے۔

### سیرالیون میں امن دستوں کی کامیابیاں

مغربی افریقہ کے ملک سیرالیون میں امن فوج کے دستوں نے ایک اہم شہر باغیوں سے اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ دارالحکومت فری ٹاؤن سے 60 کلومیٹر دور اس شہر پر قبضے کیلئے ٹینکوں اور توپوں کا استعمال کیا گیا۔

### ترکی کے سابق وزیر اعظم کی سزا برقرار

ترکی کے سابق وزیر اعظم نجم الدین اربکان کے بارے میں ایک عدالت نے پہلے سے دی گئی سزا برقرار رکھی۔ اسلام پسند ترک رہنما پر عمر بھر کیلئے سیاست میں حصہ لینے پر پابندی ہے۔

### اسرائیلی امریکہ سے ڈر گیا

اسرائیل امریکہ سے ڈر گیا ہے اور چین کو ریڈار سسٹم کی فراہمی کھٹائی میں پڑ گئی ہے۔ اسرائیل نے کہا ہے کہ ہم کوئی ایسا قدم نہیں اٹھائیں گے جس سے امریکی اعتماد کو ٹھیس پہنچے۔

### بھارتی کابینہ نے قرارداد مسترد کر دی

مقبوضہ کشمیر کی خود مختاری کیلئے بھارتی کابینہ نے ریاستی اسمبلی کی قرارداد مسترد کر دی ہے۔ کابینہ کا کہنا ہے کہ قرارداد میں بھارت سے علیحدگی کے جراثیم موجود ہیں۔ حکمران بھارتیہ جنتا پارٹی اور کانگرس نے اتفاق رائے کر لیا ہے۔ تاہم پورے بھارت میں قرارداد پر زبردست بحث و مباحثہ جاری ہے۔

### جنرل مشرف سرخ آنکھوں سے دیکھتے ہیں

بھارتی وزیر مملکت برائے امور خارجہ اجیت پانجا نے کہا ہے کہ جنرل مشرف کے ہاتھ خون سے رنگے ہوئے ہیں وہ بھارتیوں کی طرف سرخ آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ ان سے ہاتھ کس طرح ملا سکتے ہیں۔ مذاکرات کیلئے مناسب فورم اور ماحول ہونا چاہئے۔

### افغانستان کے خلاف فوجی کارروائی کی مخالفت

چین اور تاجکستان کے صدور نے تاجک دارالحکومت دوشنبے میں ایک مشترکہ اعلان میں کہا ہے کہ افغانستان کے خلاف فوجی کارروائی وسطی ایشیا کا استحکام خطرے میں ڈال دے گی افغان عوام کسی مداخلت کے بغیر مذاکرات سے مسئلہ حل کریں۔ فریقین خانہ جنگی ختم کر کے مخلوط حکومت بنائیں۔

### مطالبہ واپس نہیں لوں گا

مقبوضہ کشمیر کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ میں داخلی خود مختاری کا مطالبہ واپس نہیں لوں گا۔ بھارتی لیڈر حریت کانفرنس سے بات کر کے دیکھ لیں وہ مکمل آزادی چاہتے ہیں۔

### مسلمانوں کو رکاوٹ نہیں بننے دیں گے

بھارت کے وزیر خارجہ جسونت سنگھ نے واضح کر دیا ہے کہ بھارت اسرائیل تعلقات میں مسلمانوں کو رکاوٹ نہیں بننے دیں گے۔ سابق بھارتی حکومتوں نے مسلمانوں کے ووٹوں کے لالچ میں اسرائیل کے ساتھ قریبی تعلقات استوار نہیں کئے۔ لیکن اب زیادہ دور نہیں رہیں گے۔

# ملکی خبریں

## قومی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ : 6 جولائی۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم سے کم درجہ حرارت 31 درجے سنٹی گریڈ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 درجے سنٹی گریڈ
جمعہ 7 جولائی۔ غروب آفتاب۔ 7-20
ہفتہ 8۔جولائی۔ طلوع فجر۔ 3-28
ہفتہ 8۔جولائی۔ طلوع آفتاب 5-07

### کالاباغ ڈیم پر اعتراضات مسترد

حکومت نے کالاباغ ڈیم کی تعمیر کیلئے صوبوں کے اعتراضات مسترد کردیئے ہیں اور کہا ہے کہ کالاباغ ڈیم کا کوئی نعم البدل نہیں۔ لاہور ہائی کورٹ کے روبرو کالاباغ ڈیم کی تعمیر کے بارے میں ایک رٹ پر اپنا جواب داخل کرتے ہوئے وفاقی حکومت نے کہاکہ کالاباغ ڈیم آبپاشی اور بجلی کی پیداوار کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ ڈیم نہ بنا تو قوم کی خوراک کی ضروریات مسدود ہوجائیں گی۔ اس ڈیم کی منصوبہ بندی 89-1988ء میں ہی کرلی گئی تھی مگر متنازعہ ہونے کے باعث تعمیر نہ ہوسکی۔ حکومت قومی اتفاق رائے کیلئے مسلسل کوشش کررہی ہے۔ مزید ڈیموں کی تعمیر کی بھی ضرورت ہے۔

### عمر سیلیا گرفتار

تاجروں کے لیڈر عمر سیلیا کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ وہ چھوٹے تاجروں کی آل پاکستان تنظیم کے صدر رہیں۔

### راولپنڈی میں تاجروں پر لاٹھی چارج

راولپنڈی میں تاجروں کی احتجاجی ریلی پر لاٹھی چارج سے مجسٹریٹ اور پولیس اہلکاروں سمیت 100 کے قریب افراد زخمی ہوگئے۔ تاجروں نے بوہڑ بازار سے جنرل سیلز ٹیکس کے خلاف جلوس نکالا۔ پولیس نے موچی بازار میں جلوس کو روکا تو ایکشن کمیٹی کے رہنما نے جلوس منتشر کرنے کا اعلان کردیا۔ لیکن جلوس کے بعض شرکاء راجہ بازار کے فوارہ چوک کی طرف جانے پر بضد رہے اس پر تاجروں کا پولیس سے تصادم ہوگیا تاجر ٹولیوں کی صورت میں پولیس پر پتھراؤ کرتے رہے۔ ہنگامہ دو گھنٹے جاری رہا جس کے بعد شہر بھر میں ہڑتال ہوگئی۔ تقریباً 50 مظاہرین تاجروں کو گرفتار کرلیا گیا۔

### کراچی ملتان فیصل آباد میں احتجاج

کراچی کے تاجروں نے سروے فارم واپس کرنے سے انکار کردیا۔ سرکاری ٹیم اور تاجروں میں تلخ کلامی ہوئی۔ ملتان کے 55 تاجر فارم وصول کرنے کی یقین دہانی پر رہا کردیئے گئے۔ فیصل آباد میں بھی احتجاجی جلوس نکالا گیا۔

### باغی گروپ میں پھوٹ پڑگئی

مسلم لیگ میں نواز شریف کے باغی گروپ میں پھوٹ پڑگئی۔ 15۔ ارکان نے لاتعلقی کا اعلان کردیا میاں اظہر گروپ کے اجلاس میں شریک افراد نے کلثوم نواز سے ملاقات کرکے نواز شریف پر مکمل اعتماد کا اظہار کردیا۔ متعدد دیگر ارکان نے بتایا کہ وہ محض کارروائی دیکھنے وہاں پہنچے تھے۔

### تحفظ پاکستان کارواں روکنے کا اعلان

گورنر پنجاب نے کہا ہے کہ بیگم کلثوم نواز کے کاروان تحفظ پاکستان کو روکا جائے گا۔ یہ سیاسی سرگرمی ہے اور سیاسی سرگرمیوں پر پابندی بدستور برقرار رہے۔ پابندی کے اس فیصلے پر عمل درآمد کرائیں گے۔ گورنر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہاکہ بیگم کلثوم نے پشاور جاتے ہوئے 18 جگہوں پر خطاب کرنا ہے۔ قحط بلوچستان میں ہے اور وہ پشاور جارہی ہیں۔ گورنر نے پنجاب پر پانی کی چوری کے الزام کی تردید کی اور کہاکہ بیراجوں اور ڈیموں پر مانیٹرنگ ٹیمیں موجود ہوتی ہیں۔ دوسرے صوبے براہ راست مانیٹرنگ کرلیں۔

### بینظیر کی عطاء اللہ مینگل سے ملاقات

پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن بینظیر بھٹو نے لندن میں بلوچستان کے قوم پرست لیڈر عطاء اللہ مینگل سے ملاقات کی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا۔

### پاک فضائیہ کا طیارہ تباہ

پاک فضائیہ کا ایک لڑاکا طیارہ معمول کی پرواز کے دوران گر کر تباہ ہوگیا تاہم پائلٹ محفوظ رہا۔ حادثہ بدھ کے روز مسرور ائربیس کے شمال میں 40 کلومیٹر دور پیش آیا۔

### مسلم لیگ توڑنے کی سازش

میاں اظہر کی جنرل مشرف سے ملاقات مسلم لیگ توڑنے کی سازش ہے۔ یہ بات بیگم کلثوم نواز کی صدارت میں ایک غیررسمی اجلاس میں کہی گئی۔

### غرباء میں اڑھائی ارب تقسیم ہونگے

فوڈ سپورٹ پروگرام کے تحت یکم اگست سے غرباء میں اڑھائی ارب روپے تقسیم کئے جائیں گے۔ تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو سکیم کا کنوینر مقرر کردیا گیا۔ بیواؤں، معذوروں، یتیموں اور ناداروں کی درخواستیں طلب کرلی گئیں۔ دو ہزار روپے فی کس کے حساب سے امداد دی جائے گی۔

### حکومت کارگل پر کمیشن قائم کرے

بیگم کلثوم نواز نے کہا ہے کہ حکومت کارگل کے معاملہ پر کمیشن قائم کرے یہ چودہ کروڑ عوام کا مطالبہ ہے۔ نواز شریف سے کچھ غلطیاں ہوئیں تاہم ان پر الزامات بے بنیاد ہیں۔ انہیں جیل کی سب سے گندی کوٹھڑی میں رکھا گیا ہے۔ انہوں نے یہ باتیں بھارت کے ایک پرائیویٹ ٹی وی سے انٹرویو میں کہیں۔

### صحرائے تھر میں قدرتی اور مصنوعی بارش

خشک سالی کے شکار صحرائے تھر میں مصنوعی بارش کا تجربہ کامیاب رہا۔ دو لاکھ افراد مستفید ہونگے۔ بادلوں پر کیمیائی مادہ بکھیرا گیا۔ بعض علاقوں میں قدرتی بارش بھی ہوئی۔ موسم خوشگوار ہوگیا۔

### نواز شریف کو ہٹایا نہیں جاسکتا

مسلم لیگ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے کنوینر راجہ ظفرالحق نے کہا ہے کہ نواز شریف کو چند لوگوں کے کہنے پر نہیں ہٹایا جاسکتا۔ جنرل مشرف سے ملاقات کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی حکمرانی جائز مان لی ہے۔ ظفرالحق سے صحافیوں نے بڑے تلخ سوالات کئے۔ ایک صحافی نے کہاکہ اجمل خٹک کو جنرل مشرف سے ملاقات میں روشنی کی کرن نظر آئی آپ کو کیا نظر آیا؟ بیگم کلثوم نواز جو اس وقت موجود تھیں سوالوں سے لطف اندوز ہوتی رہیں۔ انہوں نے کہاکہ مشرف سے ملاقات کرنے والوں کی مجبوری تسلیم کرلی ہے۔


نورتن
جیولرز
زیورات کی عمدہ ورائٹی کے ساتھ
ریلوے روڈ نزد یوٹیلٹی اسٹور ربوہ
فون دکان 213699 گھر 211971

خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
زرمبادلہ کمانے کا بہترین ذریعہ۔ کاروباری، سیاحتی، بیرون ملک مقیم
احمدی بھائیوں کیلئے ہاتھ کے بنے قالین ساتھ لے جائیں
ڈیزائن : بخارا۔ اصفہان۔ شجرکار۔
ویجی ٹیبل ڈائز۔ کوکیشن۔ افغانی وغیرہ
Phones:
042-6306163,
042-6368130
FAX:
042-6368134 E-mail:mobi-k@usa.net
احمد مقبول کارپٹس
12 ٹیگور پارک نکلسن روڈ لاہور عقب شوبرا ہوٹل
مقبول احمد خان آف شکرگڑھ

معیاری ہومیوپیتھک ادویات
جرمن سیل بند و کھلی پوٹینسیاں، مدر ٹنکچرز بایوکیمک ادویات، گولیاں ٹکیاں، شوگر آف ملک، خالی ڈبیاں اور ڈراپرز ارزاں نرخوں پر دستیاب ہیں۔ نیز 117 ادویات کا دیدہ زیب بریف کیس دستیاب ہے۔
کیوریٹو میڈیسن کمپنی انٹرنیشنل ربوہ۔ پاکستان
فون نمبر کلینک 771 ۔ ہیڈ آفس 213156

MOST MODERN & ECONOMICAL
WATER PROOFING
AT YOUR DOOR STEP
Manufacturer of: Building protection chemical 7 types of water proofing system recommended according to building structure.
If you have any leakage, seapage or any building problems please call
Dov International:
163 / Gulzeb colony Samanabad, Lahore.
E-mail:dov-int1@excite.com
Ph: 7564948 0320 4808291
10 year Termite Proof Warranty

خوشخبری
وول۔ کاٹن۔ سلک۔ لیڈیز اینڈ جینٹس ورائٹی۔
ہمارے شوروم پر پردہ کلاتھ کی سیل لگ چکی ہے۔
پردوں کی سلائی بالکل مفت نیز اولمپیا کارپٹ۔
سینٹر پیس اور قالین بھی دستیاب ہیں۔ اب آپ
فیصل آباد ریٹ پر ہول سیل کپڑا بھی خرید سکتے ہیں۔
ناصر نایاب
کلاتھ ہاؤس
ریلوے روڈ گلی نمبر 1 ۔ ربوہ فون 434